کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی 2 روزہ شو کا انعقاد کریگی

لاہور (سٹی رپورٹر سے) مقامی نسلوں کے فروغ اور کسانوں میں آگاہی کیلئے لاہور ڈویژن کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی 2 روزہ شو کا انعقاد کرے گی۔ کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر احتشام کے مطابق یہ شو شیخوپورہ ماڈل کیٹل مارکیٹ میں 17 نومبر سے شروع ہوگا، جس میں پنجاب بھر سے فارمرز کے علاوہ گوشت کے ایکسپوٹرز کی بڑی تعداد شرکت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ شو کا مقصد فارمرز کو آگاہی دینا ہے۔ شو میں لیکچرز کے علاوہ مختلف قسم کے مقابلے کرائے جائیں، زیادہ دودھ دینے والے جانور اور سب سے خوبصورت جانور رکھنے والے مالکان کو لاکھوں روپے انعام دیئے جائیں گے۔